07 Aug, 2011

مہدیؑ اور دجال کے ملک جُڑے ہوئے ہیں!!

’’عرض کی گئی: آپ بتاتے کیوں نہیں کہ امام مہدی علیہ السلام کہاں ہیں جبکہ آپ یہ بتاتے ہیں کہ وہ پاکستان میں ہیں۔

ارشاد فرمایا:

حضور پاک ﷺ کو کیا ڈر تھا مگر اُنہوں نے مصلحتاً حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو اپنے بستر پر لٹایا۔

اسی طرح امام مہدی کے معاملہ میں ہم مصلحتاً خاموش ہیں۔

پاکستان کے 1978 کے قانون کے مطابق امام مہدی علیہ السلام جہاں ملیں انہیں جیل میں ڈال دو۔تم یہ قانون ختم کراؤ نا! ہم صبح ہی بتادیں گے کہ امام مہدی کہاں ہیں ان کا کیا نام ہے۔ میں پورے ثبوت کے ساتھ صبح بتادونگا۔

جس طرح شروع میں حضور پاک ﷺ کے زمانے میں گھڑے میں منہ دے کر اذانیں دیں۔کیوں؟

اس وقت اُن کی طاقت کمزور تھی ناں۔

اسی طرح حضرت امام مہدی کے پاس طاقت کمزور ہے۔

کچھ لوگ اخباروں میں یہ پراپیگنڈہ کررہے ہیں کہ امریکہ ہی دجال ہے کہ اُس نے ایجادات وغیرہ کی ہیں۔اگر امریکہ کو دجال مان لیا جائے تو امام مہدی کس کو کہو گے؟ روس کو؟ کیونکہ روس ہی اس کے مدمقابل ہے۔

فرمایا:

امام مہدی کو اُردو تعلیم بتائی گئی ہے۔نبی بھی پردے میں آئے، امام مہدی بھی پردے میں۔

اتنا بتادوں کہ امام مہدی اور دجال کے ملک جُڑے جُڑے ہیں۔یعنی دونوں ملک جُڑے ہوئے ہیں (سرحدیں ملتی ہیں)۔

امام مہدی کی نشانی آسمانوں میں، زمین میں بھی اور ان کے جسم پر بھی ظاہر ہوگی...... مہر (پشت مبارک پر مُہر مہدیت) میں۔

عرض کیا گیا: کتنے دِن اور لگیں گے؟

فرمایا:

موسیٰؑ 7 دِن کا کہہ کر گئے 40 دِن بعد آئے۔اُمت نے کہا جھوٹے ہیں۔بچھڑا بنا یا پوجا شروع کردی۔اُمت گمراہ ہوگئی۔

اگر ہم ایک سال کا کہہ دیں تو ڈیڑھ سال لگ جائے تو تم کہو گے جھوٹا ہے۔تم تو چیز ہی کیا ہو۔‘‘ ......مزید

(سیدنا ریاض احمد گوہر شاہی مدظلہُ العالی: ’’میری ڈائری‘‘ سے انتخاب)

انجمن سرفروشانِ اسلام، انٹرنیشنل